**PRESS RELEASE**

For immediate release

December 22, 2025

**SECP Notifies Key Amendments to Regulations on Shares with Differential Rights and Privileges**

**Islamabad, December 22, 2025 —** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has notified amendments to the Companies (Further Issue of Shares) Regulations, 2020 (the "Regulations") pertaining to the issuance of shares with different rights and privileges by listed companies. The amendments aim to safeguard the interests of minority shareholders and ensure robust corporate governance practices, transparency, and effective price discovery.

Major amendments include that ordinary shares carrying voting rights shall be entitled to receive the same percentage or ratio of dividend per share; the aggregate voting power of all ordinary shares, under the principle of 'one share, one vote,' shall not be less than 75% of the total voting power of all shares issued by a company; shares with varied voting rights shall carry a maximum of 5 voting rights per share; and ordinary shares with varied rights shall be issued as listed securities.

The amendments ensure the alignment of economic benefits, preserve the fundamental significance of ordinary shares, minimize potential conflicts of interest, safeguard against undue concentration of control, and promote equitable governance.

These amendments have been notified following an extensive consultation process with key stakeholders, including the PSX, CDC, NCCPL, listed companies, consultants, professional associations, and law firms. The feedback received was carefully reviewed and analyzed to identify key insights, and based on this input, the SECP has finalized and notified the amendments to the Regulations.

**مختلف حقوق کے حامل شئیرزسے متعلق ریگولیشن میں ایس ای سی پی کی اہم ترامیم**

**اسلام آباد، 22 دسمبر:** ایس ای سی پی نے کمپنیز ( فردر ایشو آف شئیرز) ریگولیشنز 2020 میں ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ یہ ترامیم لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے مختلف حقوق اور مراعات کے حامل شئیرز کے اجرا سے متعلق ہیں۔ان ترامیم کا مقصد اقلیتی شئیر ہولڈرز کے مفادات کا تحفظ کرنا اور کارپوریٹ گورننس، شفافیت اورشئیرز کی مناسب قیمت کے تعین کے عمل کو مزید مؤثر بنانا ہے۔

اہم ترامیم کے مطابق، ووٹنگ حق رکھنے والے عام شیئرز پر فی شیئر یکساں شرح سے منافع دیا جائے گا۔'' ایک شیئر، ایک ووٹ'' کے اصول کے تحت عام شیئرز کی مجموعی ووٹنگ طاقت کمپنی کے تمام جاری شدہ شیئرز کی کل ووٹنگ طاقت کا کم از کم 75 فیصد ہونی چاہیے۔ مختلف ووٹنگ حقوق رکھنے والے شیئرز کو فی شیئر زیادہ سے زیادہ پانچ ووٹ دیے جائیں گے۔ مختلف حقوق کے حامل عام شیئرز کو لسٹڈ سیکیورٹیز کے طور پر جاری کیا جائے گا۔

یہ ترامیم اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ مالی فوائد منصفانہ ہوں، عام شئیر زکی اہمیت برقرار رہے، مفادات کے ٹکراؤ کے امکانات کم ہوں، اختیار چند ہاتھوں میں غیر ضروری طور پر جمع نہ ہو اور بہتر و منصفانہ گورننس کو فروغ ملے۔

یہ ترامیم اہم اسٹیک ہولڈرز سے تفصیلی مشاورت کے بعد نوٹیفائی کی گئی ہیں، جن میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX)، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC)، نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (NCCPL)، لسٹڈ کمپنیاں، کنسلٹنٹس، پیشہ ورانہ ادارے اور لاء فرمیں شامل ہیں۔ موصول ہونے والی آرا کا بغور جائزہ لیا گیا اور ان کی بنیاد پر ایس ای سی پی نےریگولیشن میں ترامیم کو حتمی شکل دے کر نوٹیفائی کر دیا ہے۔